Study Notes

Past Papers

Date Sheets

Gazettes

Guess Papers

Pairing Schemes

جماعت نہم اردو نوٹس

حصہ نظم امتحانی نقطہ نظر سے رہنمائی

حصہ نظم (امتحانی نقطۂ نظر سے)

نظم کے اشعار کی تشریح سے متعلق ضروری ہدایات:

نظم کے اشعار کی تشریح کا سوال جماعت نہم کے سالانہ پرچے کے حصہ انشائی طرز کے ذیلی حصہ اول کا سوال نمبر 2 ہوتا ہے۔اس کے پانچ نمبر ہوتے ہیں۔

امتحانی پرچہ میں حصہ نظم سے چار اشعار دیے جاتے ہیں جن میں سے تین کی تشریح کرنی ہوتی ہے۔اگر تمام نظمیں دو تین بار مطالعہ کر لی جائیں تو مطلوبہ نظم کا نام فوراً ذہن میں آ جاتا ہے۔تمام نظموں کے شعرا کے نام بھی ازبر کر لینے چاہییں۔عام طور پر نمبروں کی تقسیم یوں ہوتی ہے کہ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام ایک نمبر اور باقی سب تشریح کے نمبرز ہوتے ہیں۔شاعر کا تخلص لکھنے کی بجائے پورا نام معہ تخلص لکھنا چاہیے۔اچھے اور ذہین و فطین طلبہ نظم کا ماخذ (اصل کتاب کا نام) اور مصنف بھی لکھ دیتے ہیں۔

طلبہ کو حسبِ ذیل ہدایات ملحوظِ خاطر رکھنی چاہییں:

1. سب سے پہلے امتحانی پرچہ کا سوال نمبر لکھا جائے،اور پر حصہ نظم بھی لکھ دیا جائے تو اچھا ہے۔
2. جوابی کاپی پر نمبر لگا کر تشریح طلب اشعار لکھے جائیں۔
3. نظم کا عنوان اور شاعر کا نام ضرور لکھا جائے۔
4. تشریح کرنے سے قبل دو تین سطور میں شعر کا مفہوم قلمبند کریں۔اس سے شعر کے بارے میں آپ کی سوجھ بوجھ کا اندازہ ہو جائے گا۔
5. نظموں کی تشریح میں مشکل الفاظ و تراکیب کے معانی تحریر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
6. ہر شعر کی تشریح 10 لائنوں سے لے کر ایک صفحہ پر مشتمل ہونی چاہیے۔تشریح میں جابجا درست اشعار،اقوال،احادیث و آیات، ضرب الامثال وغیرہ استعمال کر کے اسے مؤثر اور مدلل بنایا جا سکتا ہے۔دیگر زبانوں کے حوالہ جات کی صورت میں اُردو ترجمہ دینا ضروری ہوتا ہے۔غلط حوالہ جات لکھنے سے گریز کرنا چاہیے۔

نظم کا خلاصہ/مرکزی خیال:

سالانہ امتحانی پرچہ جماعت نہم میں نظم کا خلاصہ/مرکزی خیال والا سوال حصہ انشائی طرز کے ذیلی حصہ دوم کا سوال نمبر 6 ہوتا ہے۔نظم کا مرکزی خیال دراصل نظم کا مرکزی نکتہ ہوتا ہے۔یہ کم از کم چار یا زیادہ سے زیادہ چھے سات لائنوں کا ہونا چاہیے۔

نظم کا خلاصہ دراصل نظم کے اہم نکات کا مختصر بیان/تذکرہ ہوتا ہے۔چناں چہ نظم کے خلاصہ میں بے جا طوالت سے گریز کرنا چاہیے۔ایک معیاری خلاصہ آٹھ دس لائنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

مرکزی خیال یا خلاصہ سے قبل اگر نظم کا پورا نام (عنوان) اور شاعر کا نام لکھ دیا جائے تو اس سے اچھا تاثر پڑتا ہے۔